

جمعرات 2 مئی 2024 کو کسی پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے لیے قابلِ قبول فوٹو ID کی اقسام

- پاسپورٹ
- فوٹو والا ڈرائیونگ لائسنس (بشمول عارضی لائسنس)
- بلیو بیج
- معمر فرد کا بس پاس
- معذور فرد کا بس پاس
- آزادی پاس
- ایسا شناختی کارڈ جس پر Proof of Age Standards Scheme (عمر کے ثبوت کے معیارات کی اسکیم) (PASS کارڈ) کا ہولوگرام موجود ہو
- تارکینِ وطن کی بائیومیٹرک دستاویز
- وزارتِ دفاع کا فارم 90 (دفاعی شناختی کارڈ)
- کسی EEA ریاست کی جانب سے جاری کردہ قومی شناختی کارڈ

اگر آپ کی قابلِ قبول فوٹو ID کی میعاد ختم ہو چکی ہو تب بھی آپ اسے اس وقت تک استعمال کر سکتے ہیں، جب تک کہ اس پر موجود تصویر بدستور آپ سے مشابہ ہو۔

آپ کی ID پر موجود نام وہی ہونا چاہیے جو آپ نے ووٹ دینے کا اندراج کرواتے ہوئے استعمال کیا ہے۔

یاد رکھیں کہ ووٹ ڈالنے کے دیگر طریقے بھی موجود ہیں۔

اگر آپ ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا چاہتے ہیں تو پوسٹل ووٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

مکمل تفصیلات:
www.sandwell.gov.uk/voterID

اگر آپ کے پاس کوئی فوٹو ID نہیں ہے تو اسے مفت حاصل کریں

آن لائن: www.sandwell.gov.uk/voterID

ووٹر ID ہیلپ لائن کو 0121 569 6999 پر یا الیکشنز ٹیم کو 0121 569 3244 پر کال کریں۔

ایک مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے میں مدد حاصل کرنے کے لیے اولڈبری میں کسی بھی سینڈویل لائبریری یا سینڈویل کونسل ہاؤس میں جائیں۔

Sandwell
Metropolitan Borough Council

مئی 2024 کے انتخابات میں کسی پولنگ اسٹیشن میں ووٹ ڈالنے کے لیے مفت ووٹر اتھارٹی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی آخری تاریخ بدھ مورخہ 24 اپریل کو شام 5 بجے تک ہے۔

پوسٹل ووٹوں کے تعلق سے اہم تبدیلیاں

اب آپ پوسٹل ووٹ کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں - آپ کو بس اپنا نیشنل انشورنس نمبر درکار ہے

تفصیلات کے لیے **www.sandwell.gov.uk/postalvote** ملاحظہ کریں اور بدھ مورخہ 17 اپریل 2024 کو شام 5 بجے تک درخواست دیں۔

برائے مہربانی اپنا پوسٹل ووٹ ڈاک کے ذریعہ واپس بھیجیں۔ اپنا ووٹ واپس بھیجنے کا یہ سب سے آسان طریقہ ہے۔



اپنے پوسٹل ووٹ پیک میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور پولنگ کے دن (جمعرات 2 مئی 2024 کو) رات 10 بجے تک ہمیں واپس کر دیں۔

پوسٹل ووٹس ڈالتے وقت ہونے والی تبدیلیوں سے آگاہی

اگر آپ اپنا ووٹ بذریعہ ڈاک واپس نہیں کرتے ہیں، تو اس تعلق سے آگاہ رہنے کے لیے **اہم تبدیلیاں** موجود ہیں کہ ایک شخص **کتنے پوسٹل ووٹ** ڈال سکتا ہے۔

قانون میں تبدیلیوں کا مطلب ہے کہ اگر آپ پولنگ اسٹیشن یا سینڈویل کونسل ہاؤس میں پوسٹل ووٹ ڈال رہے ہیں، **تو آپ کو ایک فارم بھرنا ہوگا۔**

آپ دوسرے لوگوں کی طرف سے **پانچ سے زیادہ** پوسٹل ووٹنگ پیک **نہیں ڈال سکتے** (آپ کے اپنے پوسٹل ووٹ کے علاوہ پانچ اور ڈالنے کی اجازت ہے)۔

آپ کو کونسل ہاؤس کے **پوسٹ باکس میں پوسٹل ووٹ نہیں ڈالنا چاہیے**، کیونکہ یہ اب قبول نہیں کیے جا سکتے۔

مکمل تفصیلات:

www.sandwell.gov.uk/postalvote

Sandwell
Metropolitan Borough Council